سوال

(147)چوری کرنے کے بعد قسم کھانا اور پھر چوری کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی نے ناجائز کام کیا یعنی چوری کی پھر خدا کی قسم کھالی کہ دوبارہ نہیں کروں گا۔ مگر پھر چوری کی اس کی سزا کیا ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

چوری کی سزا تو ہمارے بس میں نہیں۔ (شرعا بارہ آنے سے زیادہ چوری کرنے والے کا ہاتھ کاٹنا چاہیے۔) مگر یہ کام اسلامی سٹیٹ کا ہے۔ جو کہ مفقود ہے۔ قسم کا کفارہ دس مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے۔ اگر اتنا غریب ہے کہ دس مسکینوں کو کھانا نہیں کھلا سکتا تو تین روزے رکھ لے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2 ص118

محدث فتویٰ